'محدث' کے قارئین کے لئے ایک خوش کن خبر www.ISSLAM.com

ذرائع ابلاغ میں انٹرنیٹ کی اہمیت وافادیت اب کسی سے مخفی نہیں رہی۔ انٹرنیٹ کی بڑھتی اہمیت اور استعمال کے پیش نظر ایک بڑی تعداد اپنے پیغام اور معلومات کو پھیلانے کے لئے انٹرنیٹ سے فائدہ اٹھا رہی ہے۔ اسلام مخالف سرگرمیوں کا دائرہ بھی روز بروز وسیع تر ہو رہا ہے، اس پر مستزاد یہ کہ اردو زبان میں معیاری ویب سائٹس کی تعداد انتہائی محدود ہے۔ ادارہ محدث نے اپنے پیغام کو وسیع کرنے بالخصوص پاکستان سے باہر کے قاری تک پہنچانے کے لئے گذشتہ ماہ ایک وسیع المقاصد اور کثیر الجہت ویب سائٹ کا اجرا کیا ہے جس میں محدث کے تازہ شماروں کے علاوہ گذشتہ دو سالوں کے تمام شمارہ جات بھی آن لائن ہر وقت مطالعہ کئے جاسکتے ہیں۔ یہ تمام مضامین محدث کے صفحات پر پرنٹ ہونے والی تحریروں کی ہو بہو تصویر ہیں۔ علاوہ ازیں خریداری، تجاویز، معلومات اور شکایات کے اُمور بھی اسی ویب سائٹس کی مدد سے انجام دیئے جاسکیں گے۔

اسی ویب سائٹ پر محدث کے علاوہ اسلامک ہیومن رائٹس فورم کی مکمل ویب سائٹ بھی موجود ہے جس کے تحت جدید معاشرتی اور ملی موضوعات پر بیسیوں مقالات اور مضامین، تبصرے اور تاثرات ہر وقت ملاحظہ کئے جاسکتے ہیں۔ محدث کی ضخامت کم ہونے اور مخصوص ذوق پر مشتمل ہونے کی وجہ یہ مضامین ملک کے اہم اخبارات وجرائد میں شائع کرائے جاتے ہیں۔ اس ویب سائٹ میں خصوصی طور پر یہ سہولت رکھی گئی ہے کہ کوئی بھی ان مضامین کو دوبارہ شائع کرنا چاہے تو ادارہ کی طرف سے اس کو اجازت ہے اور ہر مضمون کی ٹائپنگ وہ صرف ایک بٹن دبا کر اپنے کمپیوٹر میں وصول کرسکتا ہے، بعدازاں اسے مطلوبہ سائز دے کر بآسانی اپنے اخبار اور جریدے کی زینت بنایا جاسکتا ہے۔ یاد رہے کہ محدث کے تمام مضامین میں بھی یہی سہولت دی گئی ہے کیونکہ محدث کے بھی اکثر مضامین دیگر مجلات وجرائد دوبارہ شائع کرنے میں خاص دلچسپی کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ اس سہولت کے ذریعے صرف محدث کا نقطہ نظر وسیع پیمانے پر پھیلانا مقصود ہے۔ بہرحال اگر شائع کرنے والا ادارہ اس ویب سائٹ یا محدث کا تذکرہ بھی آخر میں کردے تو یہ اس کے اخلاقِ کریمانہ پر قائم ہونے دلیل ہوگی۔

علاوہ ازیں تلاوت اور خطبات سننے والوں کے لئے بھی اس میں ذوق کی تکمیل کا بہت سامان موجود ہے جسے عنقریب بہت وسعت دی جارہی ہے۔ تلاوت اور تحریر ہر دو کی پیشکش کا فنی معیار اس وقت اُردو ویب سائٹس میں اگر سب سے بہتر قرار دیا جائے تو مبالغہ نہ ہوگا جس کے لئے فنی طور پر بڑے ماہر حضرات کی خدمات حاصل کی گئی ہیں۔ یہ ویب سائٹ سو فیصد اُردو زبان میں ہے۔

عنقریب جامعہ لاہور الاسلامیہ، اسلامک انسٹیٹیوٹ، اسلامک ریسرچ کونسل اور دیگر ملحقہ اداروں کی ویب سائٹ بھی پیش کر دی جائیں گی۔ تدریجاً اس سے بہت سے تبلیغی واشاعتی مقاصد کو حاصل کرنے کے لئے ڈویلپمنٹ کا کام سال بھر جاری رہے گا جس میں اُردو، عربی اور انگریزی تینوں زبانوں میں بھی قارئین استفادہ کرسکیں گے۔ قارئین خود اور اپنے جاننے والوں کو اس ویب سائٹس سے مطلع کریں، انہیں اسلامی رہنمائی کے لئے اس میں بہت کچھ ملے گا، اِن شاءاللہ ...... تجاویز وتبصروں کا انتظار رہے گا۔ (حافظ حسن مدنی)